**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# HPV (ہیومن پیپیلوما وائرس) کی ویکسین: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**HPV (Human Papillomavirus) (ہیومن پیپیلوما وائرس) کی ویکسین** ہیومن پیپیلوما وائرس کی کچھ اقسام کے انفیکشن سے بچا سکتی ہے۔

HPV انفیکشن بعض اقسام کے کینسر کا سبب بن سکتا ہے، بشمول:

- خواتین میں الرحم کی نالی، اندام نہانی، اور فرج کا کینسر
- مردوں میں عضو تناسل کا کینسر
- مردوں اور عورتوں دونوں میں مقعد کا کینسر
- مردوں اور عورتوں دونوں میں ٹانسلز، زبان کی جڑ، اور گلے کے پچھلے حصے کا کینسر (oropharyngeal کینسر)

HPV انفیکشن بھی مقعد و تناسلی اعضا کے مسے (anogenital warts) کا سبب بن سکتا ہے۔

HPV کی ویکسین، HPV کی وجہ سے ہونے والے 90% سے زیادہ کینسر کی روک تھام کر سکتی ہے۔

HPV جلد سے جلد کے رابطے یا جنسی رابطے کے ذریعے پھیلتا ہے۔ HPV انفیکشن اتنا عام ہے کہ تقریباً تمام لوگوں کو اپنی زندگی میں کسی وقت کم از کم ایک قسم کا HPV ہو گا۔ زیادہ تر HPV انفیکشن 2 سال کے اندر خود ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات HPV انفیکشن زیادہ دیر تک رہتا ہے اور بعد میں زندگی میں کینسر کا سبب بن سکتا ہے۔

## 2. HPV کی ویکسین

HPV کی ویکسین معمول کے مطابق 11 یا 12 سال کی عمر کے نوعمروں کے لیے تجویز کی جاتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ وائرس سے متاثر ہونے سے پہلے ہی محفوظ ہو جائیں۔ HPV کی ویکسین 9 سال کی عمر کے آغاز سے دی جا سکتی ہے اور 26 سال تک کی عمر کے ہر فرد کے لیے ویکسین کی سفارش کی جاتی ہے۔

HPV کی ویکسین مریض اور نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے درمیان بات چیت کی بنیاد پر 27 سے 45 سال تک کی عمر کے بالغوں کو دی جا سکتی ہے۔

زیادہ تر بچے جو 15 سال کی عمر سے قبل پہلی خوراک لیتے ہیں انہیں HPV کی ویکسین کی 2 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ جن لوگوں کو پہلی خوراک 15 سال کی عمر میں یا اس کے بعد ملتی ہے اور بعض مدافعتی حالات والے کم عمر افراد کو 3 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

HPV کی ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **HPV کی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہو**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**
- **حاملہ ہو**—حمل کے بعد تک HPV کی ویکسین کی سفارش نہیں کی جاتی ہے

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک HPV ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر HPV ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- HPV ویکسینیشن کے بعد ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد، لالی، یا سوجن ہو سکتے ہیں۔
- HPV ویکسینیشن کے بعد بخار یا سر درد ہو سکتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں 1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO) پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org